بسم اللہ الرحمن الرحیم


# Islamic Research Institute

FAISAL MASJID
P.O. BOX, 1035,
ISLAMABAD, PAKISTAN

CABLE : ISLAMSERCH
PHONE : 850751-5


Ref. No. ____________

Date: ۱۵ مارچ ۸۶

مخدومی المحترم!
السلام علیکم ورحمۃ اللہ

گرامی ۱۲ مارچ ۸۶ آج کی ڈاک سے ملا۔ اس سے پہلے کا مکتوب بھی مل گیا تھا۔ پہلے کے اجزا جس طرح آپ کو دکھا لیے تھے ارادہ ہے کہ باقی اجزا جو اب لکھے ہیں وہ بھی آپ کی نظر سے گزر جائیں۔ وفات کے بعد "مراثی و قطعات تاریخ"، "اولاد و احفاد"، "کتب خانہ" "علمی ترکہ" پر چونکہ مواد مکمل تھا اور ان میں حوالہ جات اور اقتباسات وغیرہ کا زیادہ مسئلہ نہیں تھا اس لیے ان عنوانات پر جو کچھ لکھا جا سکتا تھا لکھ ڈالا۔ اس کے بعد "اخلاق و عادات" کا باب لکھوں گا۔ "مطبوعات اور مسودات" پر اس وقت تک نہیں لکھ سکتا جب تک مواد مجھے واپس نہیں مل جاتا۔ یہ اچھا ہوا کہ صادق صاحب کے علم میں تازہ صورت حال آ گئی۔ باقی آپ دعا ضرور فرمائیے۔ میں بہت پھونک پھونک کر قدم رکھتا ہوں مگر جہاں بھیڑیے اور میمنے کا قصہ ہو کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی۔

آج صبح "مجموعہ تفاسیر" دیکھ رہا تھا۔ آپ نے کسی بزرگ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جب کبھی ان سے آپ کی ملاقات ہوتی وہ کہتے "تعال نؤمن ساعة" یعنی مولانا فراہی کا ذکر کر کے ایمان تازہ کریں۔ ان بزرگ کا نام پتا لکھ بھیجیے۔ آپ کے بعد کی نسل کو اس کی جستجو ہو گی۔ اس مرتبہ زیادہ لکھنے کی زحمت نہیں دینا چاہتا۔ باقی حالات بدستور ہیں۔ ہندوستان سے ادھر کوئی تازہ خط نہیں آیا خدا کرے وہاں سب لوگ خیریت سے ہوں۔ والسلام

شرف الدین اصلاحی

مولانا امین احسن اصلاحی
طارق روڈ کینٹ لاہور